کوئٹہ (خ ن) چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان کی زیرصدارت صوبے میں انسداد پولیو مہم کے حوالے سے اہم اجلاس ہوا جس میں مہم کی تیاریوں کا تفصیلی جائزہ لیا گیا چیف سیکرٹری نے کہا کہ حکومت کا صوبے سے پولیووائرس کا مکمل خاتمہ اولین ترجیح ہے اور اس کے لئے ٹھوس اقدامات اقدامات اٹھائے گئے ہیں جلد ہی اس وائرس کا صوبے سے خاتمہ ممکن ہوگا تاہم اس سلسلے میں تمام مکاتب فکر کی کوششیں وتعاون ناگزیر ہیں اور سب کو اپنا کردار ادا کرنا ہوگا چیف سیکرٹری نے والدین سے اپیل کی کہ وہ اپنے بچوں کو پولیو وائرس اور عمر بھر کی معذوری سے محفوظ رکھنے کیلئے پولیو کے قطرے ضرور پلائیں۔ پولیو کے مکمل خاتمے کو یقینی بنانے کے لئے تمام وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں، پولیو مہم وائرس کی مکمل تدارک کے لیے انتہائی اہم ہے پولیو مہم میں حصہ لینے والی تمام ٹیموں کو مکمل سیکورٹی فراہم کی جائے گی انہوں نے کہا کہ والدین پولیو ویکسین کے ساتھ ساتھ بچوں کو حفاظتی ٹیکہ جات کا کورس بھی ضرور مکمل کرائیں۔ بچے پولیو سمیت خسرہ، نمونیہ اور دیگر خطرناک بیماریوں سے بچ سکیں گے اس موقع پر شرکاء کو بتایا گیا کہ رواں سال کی آخری انسداد پولیو مہم 30 دسمبر سے شروع ہوگی سات روزہ مہم میں 26 لاکھ 60 ہزار سے زائد بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلانے کا ہدف مقرر کردیا گیا۔ پولیو مہم میں 11 ہزار سے زائد ٹیمیں حصہ لیں گی اور تمام تر تیاریاں مکمل کرلی گئیں ہیں۔

---

MASHRIQ QUETTA



چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

# صوبے سے پولیو وائرس کا خاتمہ اولین ترجیح ہے، چیف سیکرٹری

**پولیو کے مکمل خاتمے کو یقینی بنانے کیلئے وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں، شکیل قادر خان**

کوئٹہ (خ ن) چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان کی زیرصدارت صوبے میں انسداد پولیو مہم کے حوالے سے ایک انتہائی اہم اجلاس منعقد، جس میں آنے والی مہم کی تیاریوں کا تفصیلی جائزہ لیا گیا اس موقع چیف سیکرٹری نے کہا کہ بلوچستان حکومت کا صوبے سے پولیو وائرس کا مکمل خاتمہ اولین ترجیح ہے اور اس کے لئے ٹھوس اقدامات اقدامات اٹھائے گئے ہیں، انہوں نے کہا کہ جلد ہی اس وائرس کا صوبے سے خاتمہ ممکن ہوگا تاہم اس اس سلسلے میں ......... بقیہ 47 صفحہ نمبر 7 پر

تمام مکاتب فکر کی کوششیں وتعاون ناگزیر ہے اور سب کو اپنا کردار ادا کرنا ہوگا۔ چیف سیکرٹری نے تمام والدین سے اپیل کی کہ وہ اپنے بچوں کو پولیو وائرس اور عمر بھر کی معذوری سے محفوظ رکھنے کیلئے پولیو کے قطرے ضرور پلوائیں پولیو کے مکمل خاتمے کو یقینی بنانے کے لئے تمام وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں، پولیو مہم وائرس کی مکمل تدارک کے لئے انتہائی اہم ہے۔

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 2 Dated 27 DEC 2024 Page No. 16


## عوامی شکایات کے ازالے کیلئے ٹھوس اقدامات اٹھائے جائیں، صوبائی محتسب

ل ہسپتالوں میں ادویات کی فراہمی شہر میں صفائی ستھرائی پر خصوصی توجہ دی جائے ڈپٹی کمشنر نصیر آباد کو احکامات

**مفاد عامہ میں اقدامات کو ہر صورت پایہ تکمیل تک پہنچایا جائے گا نذر محمد بلوچ کی دورہ نصیر آباد کے موقع پر بات چیت**

نصیر آباد (ن ن) صوبائی محتسب اعلیٰ بلوچستان نذر محمد بلوچ کو نصیر آباد ڈویژن میں پہنچنے پر ریجنل ڈائریکٹر محتسب نصیر آباد شاہنواز خان کھرانی نے ان کا استقبال کیا ان کے ہمراہ ڈائریکٹر ایڈمن سعید احمد شاہوانی کے علاوہ دیگر بھی اس موقع پر موجود تے صوبائی محتسب اعلیٰ سے ڈپٹی کمشنر نصیر آباد منیر احمد خان کاکڑ ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر عبدالمنان اور ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر عبدالحمید کھوسہ نے ملاقات کی ڈپٹی کمشنر نے انہیں ضلع بھر میں مفاد عامہ میں جاری [illegible] اور دیگر مسائل کے متعلق تفصیل سے آگاہی فراہم کی صوبائی محتسب اعلیٰ نذر محمد بلوچ نے ڈپٹی کمشنر کو احکامات دیے کہ سول ہسپتالوں میں ادویات کی فراہمی شہر میں صفائی ستھرائی پر خصوصی توجہ دی جائے اور عوام کی جو شکایات سامنے آرہی ہیں ان کے تدارک کے لیے غیر معمولی اقدامات کیے جائیں تاکہ عوام کی زندگیوں میں آسانیاں لائی جا سکیں آپ پر جو سرکاری جانب سے ذمہ داریاں عائد ہیں انہیں بہتر معنوں میں سرانجام دے کر اپنا فریضہ سرانجام دیں اس کے ساتھ ساتھ سیلاب متاثرین میں راشن کی تقسیم کے عمل کو بہتر معنوں میں یقینی بنایا جائے بعد صحبت پور میں تحصیل کے قبائلی شخصیت میر فاروق خان کھوسہ نے بھی صوبائی محتسب اعلیٰ سے ملاقات کرکے صحبت پور میں عرصہ دراز سے التوا کا شکار بوائز کالج کے حوالے سے آگاہی فراہم کرتے ہوئے بتایا کہ ہم نے چار سال قبل اپنی زمین گرلز کالج کے لیے وقف کی تھی پی ایس ڈی پی میں بجٹ آنے کے باوجود محکمے کی جانب سے کام شروع نہیں کیا جا رہا اور شدید میں آیا ہے کہ ادارہ [illegible] بھی کی گئی ہے

## بلوچستان میں پہلا ہیلتھ ریسرچ سمپوزیم، مقصد تحقیق کو ترجیح دینا ہے، سیکرٹری صحت

سمپوزیم میں طبی ماہرین نے بیماریوں سے متعلق مختلف تحقیقی مقالے پیش کیے 'ریسرچ کا فائدہ عوام کو ہونا چاہیے' مجیب الرحمان

**آئی پی ایچ کو ریسرچ کا فعال مرکز بنانا ہوگا یہ پالیسی سازوں و متعلقہ اسٹیک ہولڈرز کے درمیان نیٹ ورکنگ کو فروغ دینے کی بہترین کوشش ہے، مقررین**

کوئٹہ (ن ن) بلوچستان کا پہلا ہیلتھ ریسرچ سمپوزیم ہیلتھ ریسرچ ایڈوائزری بورڈ نے انسٹی ٹیوٹ آف پبلک ہیلتھ کوئٹہ، بولان میڈیکل کالج، شیخ زید کارڈیالوجی ہسپتال کوئٹہ اور گیٹز فارماسیوٹیکل کے تعاون سے مشترکہ طور پر منعقد کیا ہیلتھ ریسرچ سمپوزیم میں مہمان خصوصی سیکرٹری صحت بلوچستان مجیب الرحمان تے جبکہ پروفیسر ڈاکٹر ذکی، پروفیسر ڈاکٹر اقبال آفریدی، وائس چانسلر بولان یونیورسٹی آف ......... بقیہ 69 صفحہ نمبر 7 پر

میڈیکل اینڈ ہیلتھ سائنسز پروفیسر شبیر احمد لہڑی، ڈاکٹر عامر عباس، ڈائریکٹر آئی پی ایچ ڈاکٹر صفیہ بیسٹل، سربراہ سی پی ایس پی بلوچستان پروفیسر عائشہ صدیقہ، ڈاکٹر اسحاق بلوچ، پی سی پروجیکٹ ڈاکٹر آصف شاہوانی، ٹی بی اینڈ کنٹرول پروگرام ڈاکٹر ذوالفقار بلوچ ہیلتھ لیکچرار آئی پی ایچ فاطمہ اور پبلک ہیلتھ اسسٹنٹ شوکت زہری نے شرکت کی ہیلتھ ریسرچ سمپوزیم کا مقصد صحت کی تحقیق کو ترجیح دینا ہے


Century Express Quetta


## کوئٹہ سے منسوخ کی جانے والی ریل سروس ایک دن بعد بحال

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) کوئٹہ سے منسوخ کی جانے والی ٹرین سروس ایک روز کے بعد بحال ہو گئی ریلوے حکام کے مطابق کوئٹہ سے پشاور جانے والی جعفر ایکسپریس کو گزشتہ روز سیکورٹی وجوہات کی بناء پر منسوخ کیا گیا تھا تاہم ایک روز کے بعد جعفر ایکسپریس پشاور کیلئے روانہ کر دی گئی اس موقع پر کوئٹہ ریلوے اسٹیشن پر سیکورٹی کے سخت انتظامات کئے گئے جبکہ ریلوے ٹریک کی (باقی صفحہ 5 نمبر 21)

حفاظت کے لیے بھی سیکورٹی کو کوئٹہ تا بولان اور بچھ [illegible]

[illegible] کو ہائی الرٹ کر دیا گیا ہے جبکہ سیکورٹی فورسز کے جوانوں کی سیکورٹی اس کے علاوہ ہوگی تاکہ کوئٹہ سے جیکب آباد تک کوئٹہ ریلوے ڈویژن کی حدود میں ہر قسم کی سیکورٹی کو فول پروف بنایا جا سکے۔

## زیارت میں اب مکمل امن ہے، آئی جی ایف سی بلوچستان (نارتھ)

**قائداعظم ریذیڈنسی محفوظ ہے، فورسز پوری طرح الرٹ ہیں، تقریب سے خطاب**

کوئٹہ (این این آئی) آئی جی ایف سی بلوچستان (نارتھ) میجر جنرل عابد مظہر نے کہا ہے کہ ایف سی بلوچستان سیکورٹی فرائض کے ساتھ ساتھ صوبے کی عوام کیلئے صحت، تعلیم اور قدرتی آفات میں بھی اہم خدمات سرانجام دے رہی ہے 2013 میں دہشت گردوں نے قائداعظم ریذیڈنسی کو نقصان پہنچایا ایف سی نے یہاں سیکورٹی کے فرائض سنبھالے اور اب یہاں امن قائم ہے۔ یہ بات انہوں نے قائداعظم محمد علی جناح کے 148 ویں یوم پیدائش کے موقع پر قائد ریذیڈنسی زیارت (باقی صفحہ 5 نمبر 29)

میں پرچم کشائی کی پروقار تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کی۔ تقریب کے مہمان خصوصی وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز احمد بگٹی تھے۔ تقریب میں صوبائی وزراء، ممبران قومی و صوبائی اسمبلی، کمانڈر 12 کور لیفٹیننٹ جنرل راحت نسیم احمد خان، آئی جی ایف سی (نارتھ) میجر عابد مظہر، سول و ملٹری حکام، قبائلی عمائدین، شہداء کی فیملیز، شہریوں اور اسکولز کے طلباء و طالبات نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ تقریب میں مہمان خصوصی کو سلامی پیش کی گئی اور پرچم کشائی کی تقریب منعقد کی گئی۔ بابائے قوم قائداعظم محمد علی جناح کے افکار اور پاکستان بنانے میں ان کے کردار پر روشنی ڈالی گئی۔ تقریب میں [illegible] کی جانب سے [illegible] پیش کیے گئے۔


CamScanner

## ملک بھر کے تاجر بلوچستان میں فیکٹریاں قائم کریں: بلال کاکڑ

**کاروباری ماحول بہتر بنانے کیلئے متعدد اقدامات کئے جا رہے ہیں: علاؤالدین مری**

کوئٹہ (ج ن) بلوچستان بورڈ آف انویسٹمنٹ اینڈ ٹریڈ کے وائس چیئرمین بلال خان کاکڑ اور سابق نگران وزیر اعلیٰ میر علاؤالدین مری نے کہا ہے کہ بلوچستان میں کاروباری ماحول بہتر بنانے کیلئے متعدد اقدامات کئے جا رہے ہیں ملک بھر کے کاروباری طبقے کو اس سلسلے میں آن بورڈ لیا جا رہا ہے انہوں نے بیان میں کہا کہ بلوچستان بورڈ آف انویسٹمنٹ اینڈ ٹریڈ مختلف دوست ممالک کے سفارتکاروں، غیر ملکی کمپنیوں، ملک بھر کے چیمبرز آف کامرس، صنعتکاروں اور بزنس لیڈرز کو بلوچستان میں سرمایہ کاری پر راغب کرنے کیلئے رابطے کر رہا ہے اور اس سلسلے میں ہمیں بہت سی کامیابیاں حاصل ہو رہی ہیں انہوں نے کہا کہ حال ہی میں کراچی میں بلوچستان بزنس اینڈ انویسٹمنٹ سیمینار منعقد کروایا گیا جو انتہائی کامیاب رہا جبکہ جنوری میں اسلام آباد میں انٹرنیشنل بزنس سمٹ کا انعقاد کیا جا رہا ہے ان تمام اقدامات کا مقصد یہی ہے کہ بلوچستان میں قدرتی وسائل، توانائی، زراعت، لائیو اسٹاک، سیاحت اور انفراسٹرکچر سمیت مختلف شعبوں میں جو امکانات موجود ہیں ان کو اجاگر کرتے ہوئے سرمایہ کاروں کا اعتماد حاصل کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ ہم نے بلوچستان کو خطے کی معاشی ترقی کا مرکز بنانے کی تیاریوں پر توجہ مرکوز کی ہے بلوچستان کاروبار کے لئے کھلا ہے اور ملک کی معاشی ترقی کی حمایت کے لئے تیار ہے۔ تاجروں اور سرمایہ کاروں کو ہر ممکن تحفظ اور سہولیات فراہم کی جائیں گی۔ انہوں نے ملک بھر کے تاجروں پر زور دیا کہ وہ بلوچستان کے صنعتی زونز میں فیکٹریاں قائم کریں، توانائی اور صنعتی شعبے میں سرمایہ کاری کریں حکومت بلوچستان ان کی ہر ممکن معاونت کرے گی۔

## سی پیک فیز ٹو، بلوچستان کے منصوبوں میں تیزی لائی جائے، سینیٹر عبدالقادر

**خصوصی اقتصادی زونز کے قیام پر توجہ دی جائے، عوام کا احساس محرومی ختم ہو گا، بیان**

اسلام آباد (پ ر) چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے مواصلات و ریلوے اور سینیٹر محمد عبدالقادر نے بیان میں کہا ہے کہ سی پیک کے تحت موجودہ خصوصی اقتصادی زونز (ایس ای زیز) کے قیام پر خصوصی توجہ دی جائے۔ خصوصی اقتصادی زونز کی پیشرفت کا جائزہ لینے کیلئے اعلیٰ سطح پر جلد کلیدی فیصلے کئے جائیں اور سی پیک فیز ٹو کے بلوچستان کے منصوبوں میں تیزی لائی جائے تاکہ بلوچستان کی عوام کو زیادہ اہمیت ملنے کا احساس ہو، بلوچستان کی عوام کا احساس محرومی ختم ہو گا اور وہ ان منصوبوں کی مخالفت کرنے کی بجائے ان میں کام کرنے کو ترجیح دیں گے، انہوں نے کہا ہے کہ سی پیک فیز ٹو کے بلوچستان کے منصوبوں میں تیزی لانے سے بلوچستان کے حوالے سے وفاق کا کھویا ہوا وقار بحال ہو گا، یوں بلوچستان کی عوام شدت پسندوں کا ایندھن بننے سے بھی محفوظ رہیں گے اور معاشی آسودگی کی جانب بڑھنے سے ان میں مثبت سوچ بھی پروان چڑھے گی۔ جتنا زیادہ بلوچستان کے نوجوانوں کو معاش کمانے کے مواقع فراہم کیے جائیں گے اتنا زیادہ وہ بلوچستان میں امن و امان قائم کرنے میں اپنا کردار ادا کریں گے۔

## بلوچستان صوبائی اسمبلی کا اجلاس آج ہو گا

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) بلوچستان صوبائی اسمبلی کا اجلاس دو دن کے وقفے کے بعد آج سہ پہر تین بجے ہو گا جس میں جمعیت کے میر زابد علی ریکی ضلع واشک کو دو حصوں میں تقسیم، نیشنل پارٹی کے میر رحمت صالح بلوچ ضلع پنجگور میں 3 سال سے بند انٹرنیٹ سروس کی بحالی، جماعت اسلامی کے مولانا ہدایت الرحمن بلوچ کوئٹہ سے اندرون ملک بند ٹرینوں کو بحال کرنے، ریلوے کی اسامیاں ختم کرنے کا سلسلہ بند، سی پیک فیز 2 میں بلوچستان بھر کے ریلوے نظام کو شامل کرنے، جمعیت کے سید ظفر علی آغا پشین میں منشیات کے تدارک سینٹر کے قیام سے متعلق اپنی اپنی قراردادیں جبکہ میر زابد علی ریکی ضلع واشک کے کالجز کے لئے فنڈز کے اجراء کے حوالے سے توجہ دلاؤ نوٹس پیش کریں گے وقفہ سوالات کے دوران ایس اینڈ جی اے ڈی اور محکمہ منصوبہ بندی و ترقیات سے متعلق سوالات کے جوابات دیئے جائیں گے۔

## سی ٹی ڈی نے گیس پائپ لائن
## دھماکے کا مقدمہ درج کر لیا

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) سی ٹی ڈی نے مغربی بائی پاس پر سوئی گیس پائپ لائن کو دھماکے سے اڑانے کا مقدمہ درج کر لیا۔ سی ٹی ڈی ذرائع کے مطابق بدھ کی شام دہشت گردوں نے مغربی بائی پاس پر گیس پائپ لائن کو ٹائم ڈیوائس بم سے اڑا دیا تھا جس کے باعث کوئٹہ سمیت زیارت اور پشین میں سوئی گیس کی فراہمی معطل ہو گئی ہے سی ٹی ڈی نے انسداد دہشت گردی ایکٹ اور دیگر دفعات کے تحت مقدمہ درج کر لیا ہے۔

## جی ڈی اے کی مالی اور آپریشنل مینجمنٹ میں سنگین خامیوں کا انکشاف

**اصغر ترین کی زیر صدارت اجلاس، 87 ملین روپے کی وصولی یقینی بنانے کی ہدایت**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) پبلک اکاؤنٹس کمیٹی کا گوادر ڈویلپمنٹ اتھارٹی سے متعلق اجلاس چیئرمین اصغر علی ترین کی صدارت میں ہوا۔ جس میں اراکین کمیٹی زابد علی ریکی، فضل قادر مندوخیل، زرین خان مگسی، انجینئر زمرک خان اچکزئی، خصوصی دعوت پر مولانا ہدایت الرحمن بلوچ، اکاؤنٹنٹ جنرل بلوچستان نصر اللہ جان، ڈی جی آڈٹ بلوچستان شجاع علی، ایڈیشنل سیکرٹری پی اے سی سراج لہڑی، ڈائریکٹر جنرل گوادر ڈویلپمنٹ اتھارٹی شفقت انور شاہوانی، چیف اکاؤنٹس افسر پی اے سی سید ادریس آغا، ایڈیشنل سیکرٹری محکمہ قانون سعید اقبال، ڈائریکٹر فنانس جی ڈی اے بابر زمان اور پی اے سی سیکریٹریٹ کے افسران نے شرکت کی۔ اجلاس میں جی ڈی اے کی مالی اور آپریشنل مینجمنٹ میں سنگین خامیوں کا انکشاف ہوا جس پر پی اے سی نے صورتحال کو درست کرنے کے لیے اہم ہدایات جاری کیں۔ اجلاس میں یہ بات سامنے آئی کہ پی اے سی نے جی ڈی اے کو 2023 میں اپنے اکاؤنٹس منظم کرنے کی ہدایت کی تھی لیکن اس پر کوئی قابل ذکر پیش رفت نہ ہوئی۔ چیئرمین اصغر علی ترین نے گہرے [illegible] پر سرمایہ کاری اور آمدنی کے ذرائع کا حساب پیش کرنے میں ناکامی پر شدید برہمی کا اظہار کیا۔ اجلاس میں ایک اور اہم انکشاف ہوا کہ اگست 2023 میں سابق پی اے سی نے ہدایت کی تھی کہ 87 ملین روپے ڈیفالٹرز سے فوری وصول کیے جائے لیکن اس پر بھی تاحال کوئی عمل نہیں ہوا۔ اجلاس میں کمیٹی نے ہدایت کی کہ اس رقم کی تین ماہ کے اندر وصولی یقینی بنائی جائے۔ کمیٹی رکن زابد علی ریکی نے پی اے سی کی ہدایات کو سنجیدگی سے نہ لینے پر [illegible] اگست 2023 میں پی اے سی نے یہ ہدایت جاری کی تھی تو یہ وصولی اب تک ہو جانی چاہیے تھی۔ رکن کمیٹی زرین خان مگسی نے اس امر پر [illegible] [illegible] 2004 کے پی سی ون کے تحت جی ڈی اے انویسٹمنٹ فنڈ قائم کرنے کا [illegible] 1,376.92 ملین روپے [illegible]



## ڈی سی کوئٹہ کی کھلی کچہری، شہریوں نے مسائل کے انبار لگا دیئے

**کھلی کچہری میں متعلقہ محکموں کے افسران بھی موجود، ڈی سی نے مسائل سن کر فوری حل کیلئے احکامات صادر کیے**

کوئٹہ (آن لائن) عسکری انقلاب کے زیر نگرانی کوئٹہ ... [illegible]

بقیہ نمبر 4 صفحہ 5 پر

[illegible]

## ڈی سی چمن کی زیر صدارت
## کھلی کچہری کا انعقاد کیا

[illegible]

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No 3

Dated: 27 DEC 2024 Page No. 19


# حکمران اقتدار کے نشے میں مست، طاقت کے گھمنڈ میں ظلم ڈھا رہے ہیں، جماعت اسلامی

لاپتہ افراد کا مسئلہ بڑھتا جا رہا ہے حکمران اس عمل کو ختم کرنے کے بجائے لوگوں میں نفرت بڑھا رہے ہیں، مولانا ہدایت الرحمان بلوچ

29 دسمبر کو بلوچستان کے سیاسی، قبائلی مشران وتمام اسٹیک ہولڈرز کو اکٹھا کر کے مسائل کا پائیدار، مستقل حل نکالنے کیلئے لائحہ عمل طے کریں گے، پریس کانفرنس سے خطاب

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) جماعت اسلامی بلوچستان کے امیر، رکن صوبائی اسمبلی مولانا ہدایت الرحمان نے کہا ہے کہ حکمران بلوچستان کے مسائل کے حل میں سنجیدہ نہیں جماعت اسلامی نے درپیش مسائل کے حل کیلئے جاری تحریک کے تو سط سے 29 دسمبر کو بلوچستان کے سیاسی، قبائلی مشران سمیت تمام اسٹیک ہولڈرز کو اکٹھا کر کے پائیدار اور مستقل حل نکالنے کیلئے لائحہ عمل طے کریں گے اس کے بعد خواتین، ........ بقیہ 71 صفحہ نمبر 7 پر

طلباء، وکلاء، علماء، مشائخ، منبر ومحراب کو استعمال کریں گے تاکہ لاپتہ افراد سمیت دیگر مسائل کے حل تجھی بنایا جاسکے ہمیں اسمبلی اور باہر آواز اٹھانے کی اجازت نہیں دی جاتی ان خیالات کا اظہار انہوں نے جمعرات کو جماعت کے دیگر رہنماؤں مولانا عبدالکبیر شاکر، حافظ نور علی، عبدالولی شاکر، زاہد اختر بلوچ، مرتضیٰ خان سمیت دیگر کے ہمراہ کوئٹہ پریس کلب میں پریس کانفرنس کے دوران کیا مولانا ہدایت الرحمان کا کہنا تھا کہ 26 دسمبر 2022ء گوادر اور مکران کے لوگوں کیلئے ایک سیاہ ترین دن تھا۔

## دختر مشرق نے جیل وشہادت قبول، لیکن اصولوں پر سمجھوتہ نہیں کیا، جمال رئیسانی

بھٹو خاندان کی قربانیوں کی طویل داستان ہے شہید بی بی کی برسی پر پیغام

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما و رکن قومی اسمبلی نوابزادہ میر جمال خان رئیسانی نے کہا ہے کہ دختر مشرق نے جیل وشہادت قبول لیکن اصولوں پر سمجھوتہ نہیں کیا، بھٹو خاندان کی قربانیوں کی طویل داستان ہے۔ شہید محترمہ بے نظیر بھٹو کی برسی کے موقع پر اپنے ایک پیغام میں نوابزادہ جمال خان رئیسانی نے کہا کہ بینظیر شہید نے والد کی پھانسی، 2 بھائی شہید، جلاوطنی، بدترین آمریتوں کا سامنا کیا بینظیر کا فلسفہ ...... بقیہ 32 صفحہ نمبر 7 پر

جمہوریت بہترین انتقام ایک عملی فلسفہ ہے

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 4

Dated: 27 DEC 2024 Page No. 20


## اوستا محمد: فائرنگ سے ایک شخص زخمی، ملزم گرفتار

اوستا محمد (آئی این پی) اوستہ محمد کے گنجان علاقے جناح روڈ پر فائرنگ سے عطاء جان ولد علی شیر رند زخمی ہوگیا پولیس نے ملزم عاطف کو گرفتار کرکے زخمی کو ہسپتال منتقل کیا۔


INTEKHAB QUETTA


## تربت کے علاقے میں مسلح موٹر سائیکل سواروں کی فائرنگ، ایک شخص جاں بحق

تربت (بیورو رپورٹ) مسلح افراد کی فائرنگ سے ایک شخص ہلاک۔ اطلاع کے مطابق گزشتہ شام گئے مند کہنک میں مسلم ولد نذیر احمد نامی شخص کو موٹر سائیکل سوار نامعلوم مسلح افراد نے فائرنگ کرکے قتل کردیا۔ بتایا جاتا ہے کہ مقتول اس سے قبل ایک مسلح تنظیم میں رہ چکا تھا تاہم کچھ عرصہ قبل وہ سرنڈر کرکے قومی دھارا میں شامل ہوگیا تھا۔ ابھی تک اس قتل کی وجوہات سامنے نہیں آئیں۔

## تمبو لیویز کی کارروائی بیوہ کے قتل میں ملوث مرکزی ملزم گرفتار

کوہلو (آن لائن) تمبو لیویز کی کارروائی بیوہ عورت کی قتل میں ملوث مرکزی ملزم گرفتار تفصیلات کیمطابق ڈپٹی کمشنر کوہلو عقیل احمد بلوچ کی خصوصی ہدایت پر کوہلو لیویز نے بی ایریے میں جرائم پیشہ افراد کا گھیرا تنگ کرلیا تمبو لیویز نے گزشتہ روز رسالدار میجر شیر محمد کی ہدایت پر تفتیشی آفیسر رسالدار ظریف مری کی نگرانی میں نائب رسالدار اسلم اور دفعدار شاہ بخش نے اپنے ٹیم کے ہمراہ کارروائی کرتے بقیہ نمبر 35 صفحہ 5 پر

ہوئے تمبو کے علاقے میں چھ ماہ قبل قتل ہونے والے بیوہ عورت کے قتل میں ملوث مرکزی ملزم صوبہ خان عرف بلو کو گرفتار کرکے مقدمہ نمبری 19/024 بجرم 34ppc-302 میں پابند سلاسل کرکے مزید تفتیش کیلئے لیویز صدر تھانہ کو منتقل کردیا۔

## جوسک کے علاقے میں فائرنگ کا واقعہ، ایک شخص زخمی

تربت (بیورو رپورٹ) چوروں کی فائرنگ سے ایک شخص زخمی۔ پولیس کے مطابق جوسک منی کے نزدیک زبیر ولد علی احمد نامی شخص کو چوروں نے فائرنگ کرکے شدید زخمی کردیا۔ چور موٹر سائیکل پر سوار تھے جو بھاگ نکلنے میں کامیاب ہوگئے۔

## خضدار، مسلح افراد دن دیہاڑے لوٹ مار کے بعد باآسانی فرار

خضدار (بیورو رپورٹ) خضدار شالی کالک سید عبداللہ شاہ روڈ کی ہر گلی میں چور سرگرم ہوگئے ہیں اسلحہ کے زور پر آئے روز عوام کو لوٹ رہا ہے نہ پولیس/لیویز/انتظامیہ کا خطرہ کھلے عام اسلحہ کے زور پر چوری جاری کا بقیہ نمبر 7 صفحہ 7 پر

سلسلہ تھم نہ سکا ہے ایک ہی دن میں بیک وقت مسجد سلمان فارسی کا پیش امام وراہگیر موٹر سائیکل و موبائل فون سے محروم ہوگئے ہیں شالی کالک مسجد سلمان فارسی کے پیش امام کو چوروں نے نہ بخشا اسلحہ کے زور پر موٹر سائیکل دو موبائل فون و نقدی لے کر فرار ہو گئے ہیں اسی راستے پر انہیں چوروں نے راہگیر کا بھی جیب کا صفایا کردیا ہے لوگوں کو ہر وقت موبائل و نقدی سے محروم کردیا جاتا ہے۔

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No 5 Dated 27 DEC 2024 Page No. 21


## کوئٹہ میں خون جما دینے والی سردی' گیس غائب' صارفین پریشان' حکام خاموش

**شدید سردی میں گیس پریشر میں کمی کا نوٹس لیا جائے' صارفین کی حکام بالا سے اپیل**

کوئٹہ (اے این این) صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں خون جما دینے والی سردی' زیارت میں پارہ منفی 11' قلات منفی 5 اور کوئٹہ میں منفی 4 ڈگری تک گر گیا جبکہ دوسری جانب گیس غائب ہونے سے عوام کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑا' شہریوں نے حکومت وقت اور سوئی سدرن گیس کمپنی کے حکام سے گیس پریشر میں کمی کا نوٹس لینے کا مطالبہ' تفصیلات کے مطابق کوئٹہ سمیت بلوچستان کے دیگر علاقوں میں شدید سردی' زیارت ......... بقیہ 51 صفحہ نمبر 7 پر

میں منفی 11' قلات میں منفی 5 اور کوئٹہ میں درجہ حرارت منفی ایک ڈگری سینٹی گریڈ ریکارڈ کیا گیا ہے کوئٹہ کے مختلف علاقے مدرسہ روڈ' کلی درانی' شالدرہ' کاسی روڈ' پشتون آباد' نواں کلی' خروٹ آباد' سریاب روڈ' سمنگلی روڈ' لیڑی گیٹ' کواری روڈ سمیت دیگر علاقوں میں گیس پریشر میں کمی اور اکثر علاقوں میں گیس گھنٹوں تک غائب رہتی ہے شدید سردی میں گیس نہ ہونے کی وجہ سے خواتین کو امور خانہ داری' بچے' بوڑھے اور بزرگوں کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے شہریوں نے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ گیس پریشر میں کمی کا نوٹس لیا جائے اس شدید سردی میں بچوں اور بزرگوں کو شدید مشکلات درپیش ہے اگر حکومت اور سوئی گیس نے نوٹس نہیں لیا تو مجبور ہو کر سڑکوں پر نکل آئیں گے جس کی تمام تر ذمہ داری متعلقہ حکام پر عائد ہوگی۔


Century Express Quetta


## رہائشی علاقوں میں نجی ہسپتالوں کی بھرمار، مکین پریشان

**ٹریفک جام اور شور سے عاجز آ چکے، کئی بار متعلقہ حکام کو آگاہ کیا، علاقہ مکین**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) شہر کے مختلف رہائشی علاقوں میں نجی ہسپتالوں کے باعث پیدل گزرنے والوں کو بھی پریشانی کا سامنا، زرغون روڈ، جینل روڈ، اور آرٹ سکول روڈ، ڈبل روڈ پر سمیت مختلف علاقوں میں بیس سے زائد نجی ہسپتالوں کی وجہ سے علاقہ مکینوں کی زندگی بری طرح سے متاثر ہو رہی ہے، جن کی پارکنگ کے مسائل سے لیکر مریضوں کی ایمبولنس گاڑیوں اور تیمارداروں کا دن بھر فٹ پاتھوں پر کھڑا رہنا اور ٹریفک جام بھی اہل علاقہ کے لئے پریشان کن ہے۔ اہل علاقہ نے سنچری ایکسپریس سے بات چیت کے دوران بتایا کہ ہم نے بارہا متعلقہ حکام کے گوش گزار کرا چکے ہیں مگر کوئی شنوائی نہیں ہوئی، پرنٹ میڈیا کے توسط سے ٹریفک پولیس ایس پی اور ضلعی حکومت سمیت میٹروپولیٹن کارپوریشن کے انگروومنٹ شعبہ کے انچارج سے اپیل ہے کہ ان نجی ہسپتالوں کو شہر کے وسطی رہائشی علاقوں سے باہر منتقل کرنے کے لئے ماضی میں کئے جانے والے اقدامات پر حقیقی طور پر عمل درآمد کرایا جائے۔

## کوئٹہ میں آوارہ کتوں کی بہتات، شہری پریشان

**...گلی میں ڈر کے باعث لوگوں کا باہر نکلنا مشکل، میٹروپولیٹن سے سدباب کا مطالبہ**

کوئٹہ (پ ر) کوئٹہ کے مختلف علاقوں میں آوارہ کتوں کی بھرمار، شہری خوف کے مارے گھروں میں محصور ہو گئے۔ گزشتہ پانچ ماہ سے نواں کلی کے علاقوں پشتون آباد فیز 3، کشمیر کالونی، ریسٹ ہوم اور گرلز ہائی سکول روڈ، عید الاتفاق روڈ سمیت ملحقہ علاقوں میں درجنوں آوارہ کتے شہریوں کے لیے وبال جان بن گئے ہیں جب کی وجہ سے خواتین اور بچوں کا بھی گھر سے نکلنا مشکل ہو گیا ہے۔ علاقہ مکینوں کا کہنا ہے کہ کتے کے کاٹنے کے واقعات میں بھی اضافہ ہو گیا ہے، انہوں نے ایڈمنسٹریٹر میٹروپولیٹن کارپوریشن کوئٹہ سے مطالبہ کیا ہے کہ علاقے میں آوارہ کتوں کا سدباب کیا جائے تاکہ شہری سکون کا سانس لے سکیں۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily:

Bullet No 6

Dated: 27 DEC 2024 Page No. 22


## "سب سے پہلے پاکستان" وزیر اعلیٰ بلوچستان کا مبنی برحقیقت اظہاریہ!!

وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے گزشتہ روز قائد اعظم ریذیڈنسی میں یوم قائد کے موقع پر منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے بلوچستان کے مسائل اور ان مسائل سے نمٹنے کے لئے حکومت کے دوٹوک عزم کا اعادہ کیا ہے اور جہاں صوبے کے حالات، سیاسی و معاشی منظرنامے پر بات کی ہے وہاں انہوں نے یہ تلخ مگر حقیقی بات بھی کہی ہے کہ بلوچستان کا مسئلہ کوئی تحریک نہیں بلکہ کرپشن ہے اس لئے ہمیں کرپشن سے نجات حاصل کرنی ہوگی، خود کو قائد اور اقبال کے وژن کے مطابق ڈھالنا ہوگا اور ملک وقوم اور صوبے کی تعمیر وترقی کے لئے آگے بڑھانا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ وطن عزیز نے جہاں مختلف شعبوں میں ترقی کی منازل طے کیں، وہاں اس ملک کو ناقابل تسخیر ایٹمی قوت بننے کا اعزاز بھی حاصل ہوا۔ پاکستان کو ایٹمی قوت بنانے میں ذوالفقار علی بھٹو سے لیکر جن جن لوگوں نے کردار ادا کیا، پاکستانی قوم ان کا احسان تاقیامت نہیں بھول سکتی، پاکستانی قوم کبھی ملک دشمن عناصر کی دھمکیوں سے مرعوب نہیں ہوگی بلکہ قومی یکجہتی اور اتفاق رائے سے ایک منظم قوم بن کر ابھرے گی جس پاکستان کا خواب محمد علی جناح نے دیکھا تھا وہ خواب مکمل طور پر شرمندہ تعبیر ہوگا۔ انہوں نے پاک دھرتی کی حفاظت کے لئے جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والے شہداء کو خراج عقیدت اور وطن کی حفاظت کرنے والے سپوتوں کو خراج تحسین پیش کیا وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بلوچستان کا بڑا مسئلہ انسرجنسی، علیحدگی کی تحریک یا دہشت گردی نہیں بلکہ کرپشن ہے، بلوچستان کے ہر شعبہ زندگی سے تعلق رکھنے والے ہر فرد نے کرپشن کے خلاف پختہ تہیہ اور عملی کردار ادا کرنا ہے، ہم نے کرپشن پر قابو پالیا تو روز قیامت قائد اعظم محمد علی جناح کے سامنے ان کے خواب کی تعبیر کے ضمن میں سرخرو ہوں گے۔ وزیر اعلیٰ نے کہا کہ آج بلوچ کو بحیثیت قوم فیصلہ کرنا ہوگا کہ جس لاحاصل جنگ کی طرف ہمیں دھکیلا جارہا ہے اس سے کیا حاصل ہوگا، کیا اس تشدد، بندوق کے زور اور دہشت گردی کے ذریعے خدانخواستہ پاکستان کو توڑا جاسکتا ہے، تو یہ ناممکن ہے یہ نہیں ہوسکتا یہ نہیں ہوگا، تو پھر کیوں بلوچوں کو نسل کشی کی طرف بڑھایا جارہا ہے۔ عام بلوچ کو دہشت گردی کی طرف لے جایا جارہا ہے اس بنیاد پر کہ یہاں غیر متوازن ترقی ہے اور سہولیات میسر نہیں، یہ موقف محض پروپیگنڈا ہے۔ یہ مسائل صرف بلوچستان کے نہیں بلکہ پورے پاکستان کے ہیں، انہوں نے کہا کہ پشتون سرزمین قائد اعظم محمد علی جناح کی میزبان رہی ہے، آپ کو اس پر تاقیامت فخر ہونا چاہئے۔ اس خطے نے ہمیشہ پاکستان کی خدمت کی، آج بلوچ خطے کے ساتھ پشتون خطے کو بھی دہشت گردی اور تشدد کی طرف دھکیلا جارہا ہے۔ سرفراز بگٹی نے کہا کہ آج نہیں تو تیس یا پچاس سال بعد اس پر بحث ہورہی ہوگی کہ ایک طرف آپ کی حکومت بلوچ پشتون اور بلوچستان کے بچوں اور بچیوں کو ہارورڈ اور آکسفورڈ بھجوا رہی تھی تو دوسری طرف ساتویں سمسٹر کی قانون کی طالبہ کو بے بنیاد پروپیگنڈا اور آرٹیفیشل انٹیلی کے ذریعے ذہن سازی کرکے خودکش جیکٹ پہنائی جارہی تھی، آج سوچنا ہوگا کہ بلوچ کو کس طرف لے جایا جارہا ہے۔

علامہ اقبال ایک عظیم مفکر، دانشور اور درویش صفت انسان تھے علامہ اقبال نے بلوچ قوم کو روشن مستقبل کا جو خواب دکھایا تھا بلوچ قوم کی اصل منزل وہ ہے انہوں نے کہا کہ ہم پہلے پاکستانی ہیں اس کے بعد ہی بلوچ، پشتون، سندھی، پنجابی ہیں۔ ہمارا کلچر، زبان، رہن سہن ایک حقیقت ہے، لیکن سب سے بڑھ کر پاکستان ہے اس کے بعد یہ سب کچھ ہے، ہماری شناخت اور پہچان صرف اور صرف پاکستان ہے پاکستان آگے بڑھے گا تو ہم ترقی کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ دشمن کی سازشوں کا مقابلہ نوجوان نسل نے کرنا ہے، ہم نوجوان نسل سے وعدہ کررہے ہیں کہ ہم آپ کی نوکریاں بیچنے نہیں دیں گے، آپ تعلیم حاصل کریں آپ کو میرٹ پر نوکریاں دیں گے، چاہے کچھ بھی ہو میرٹ سے ایک انچ بھی پیچھے نہیں ہٹیں گے وزیر اعلیٰ نے کرپشن کے خاتمے کے لئے تمام طبقات سے مدد اور معاونت کی اپیل کی کرپشن میں ملوث عناصر کے قلع قمع کا عزم ظاہر کیا اور کہا کہ ہم بلوچستان کو دہشت گردی اور کرپشن کی لعنت سے آزاد کرائیں گے اور صوبے کو ترقی کی راہ پر گامزن کریں گے اس سے پیشتر بھی وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی اسمبلی فلور، کابینہ ودیگر اعلیٰ سطحی اجلاسوں، میڈیا بات چیت، تقاریب سے خطاب غرض ہر فورم پر اسی عزم کو دہراتے آئے ہیں کہ ان کی قیادت میں موجودہ مخلوط صوبائی حکومت صوبے کو ترقی کی منزل تک پہنچانے دیرینہ عوامی مسائل کے حل کے لئے کوئی دقیقہ فروگزاشت نہیں کرے گی گزشتہ روز بھی انہوں نے اسی عزم کا اعادہ کیا ہے ہم ان کے عزم کو سراہتے ہیں انہوں نے بالکل بجا کہا ہے کہ ملک ہے تو ہم ہیں ہم سب سے پہلے پاکستانی ہیں ہمیں اپنی اس شناخت کو مقدم رکھنا چاہئے خدانخواستہ ہم تعصب تنگ نظری میں گھر گئے تو پھر دشمنوں کا کام آسان ہوگا بلوچستان ملک کا اہم صوبہ ہے وفاق اور صوبائی حکومت صوبے کے عوام کو سہولیات کی فراہمی اور مسائل کے حل کے لئے دوٹوک اقدامات اٹھارہی ہے ہمیں بے بنیاد پروپیگنڈوں میں نہیں آنا چاہئے ہم نے دشمنوں کی سازشوں کو ناکام بنانا ہے اور حکومت کے شانہ بشانہ صوبے کو ترقی خوشحالی اور استحکام کی منزل تک پہنچانے کے [illegible]

## ڈیمز بنانا ناگزیر!

اس کو بلوچستان کی بدقسمتی یا پھر ارباب اختیار کی غفلت سمجھا جائے کہ یہاں ڈیمز نہ ہونے کے برابر ہیں۔ جس کی وجہ سے پانی کا بحران شدید شدت اختیار کر رہا ہے۔ کیونکہ سیلابی پانی کو محفوظ بنانے کے لیے ڈیمز نہیں ہیں۔ اس طرح میٹھا پانی زراعت کی کاشتکاری کے لیے کام میں لایا جا رہا ہے جو کہ بڑی تشویش کی بات ہے۔

صوبائی وزیر اری گیشن میر صادق عمرانی نے واضح کیا ہے کہ سیلابی پانی کو محفوظ اور میٹھے پانی کے ضیاع کو روکنے کیلئے ڈیمز بنانا ناگزیر ہے۔ ہماری بھرپور کوشش ہے کہ چھوٹے چھوٹے ڈیم بنا کر کاشتکاروں کو زرعی پانی کی فراہمی کو ممکن بنایا جائے۔ حکومت اس حوالے سے بھرپور معاونت کرے۔ غیر آباد زمینوں کو سرسبز کھیتوں میں تبدیل کیا جا سکے۔ حکومت بلوچستان زراعت کے شعبے کو مزید تقویت دینے کے لیے ٹھوس بنیادوں پر اقدامات کر رہی ہے تاکہ کاشتکار معاشی لحاظ سے مستحکم ہوں۔ انہوں نے نصیر آباد میں تحصیل لانڈھی کے علاقے مشرکی قدرتی نالے پر ڈیم بنانے کے حوالے سے جائزہ کے موقع پر متعلقہ حکام کو ہدایت دی کہ پارک کے مقام پر سلطان کوٹ ڈیم تعمیر کیا جائے۔ اگر چار ہزار ایکڑ فٹ پانی سٹور کیا جائے تو اس سے چار لاکھ ایکڑ زمین سیراب ہو سکے گی۔

ہم سمجھتے ہیں کہ صوبائی وزیر اری گیشن میر صادق عمرانی کا ڈیمز بنانے کے حوالے سے مذکورہ بیان قابل تعریف اور وقت کی اہم ضرورت ہے۔ کیونکہ اس وقت صوبے میں ڈیمز کی تعمیر بہت ہی ناگزیر ہے ڈیمز نہ ہونے کے باعث سیلابی پانی ضائع ہو جاتا ہے اور اس طرح صاف پانی کو مجبوراً زراعت کے شعبے میں زمینوں کو سیراب کرنے کے لیے استعمال میں لایا جاتا ہے اس کا سب سے بڑا نقصان یہ ہے کہ پینے کے پانی کی کمی میں شدت بڑھتی جا رہی ہے کیونکہ زیر زمین پانی کی سطح روز بروز تیزی سے گر رہی ہے جو کہ انتہائی تشویشناک ہے۔ افسوس کی بات یہ ہے کہ بلوچستان کے اس اہم مسئلے کو سابقہ حکومتوں نے سنجیدہ ہی نہیں لیا اس پر صرف بیانات کر کے اپنی سیاست چمکاتی رہیں جو کہ بلاشبہ صوبے اور اس کی عوام کے ساتھ زیادتی کے مترادف اقدام ہے۔

اس لیے یہاں ضرورت اس امر کی ہے کہ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی قیادت میں موجودہ حکومت کو برسر اقتدار آنے کے بعد اب تک عوامی مفاد کے اقدامات کرنے کا اعزاز حاصل ہے اس لیے حکومت کو عوام کے اس اہم مسئلے کو سنجیدہ لیتے ہوئے صوبے میں چھوٹے اور بڑے ڈیمز کے بنانے کو اولین ترجیح دینی چاہیے۔ کیونکہ اگر ایسا نہیں کیا جاتا تو صوبے میں پینے کے پانی کا بحران مزید شدت اختیار کر جائے گا۔ جو کہ بڑی خطرناک بات ہے اس لیے اب سے اس سلسلے میں اقدامات شروع کرنے چاہئیں جو کہ بہت ہی ناگزیر ہے۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظا مت اعلیٰ تعلقا ت عا مہ
حکو مت بلو چستا ن

Daily: Balochistan Time Quetta

Bullet No. 6

Dated: 27 DEC 2024

Page No. 24

# Need of durable peace

Nawab Aslam Raisani, former chief minister Balochistan and chief of the Sarawan tribe, has said that until the issue of missing persons is not resolved and rights of Balochistan as a federating unit are not recognised, durable peace in the province will remain elusive. Speaking at reception to welcome new office- bearers of Sarawan Press Club Mastung, said that Pakistan is a federation and Balochistan is a unit of the federation with constitutional rights, which had been denied by the rulers for a long time. He said that all efforts towards peace by the use of force would be 'fruitless' without recognising and resolving the basic issues of missing persons in Balochistan and constitutional rights of the federating unit, he explained. He said that the state should acknowledge the constitutional rights of all federation units with their own identity, language, culture and traditions. Nawab Aslam Raisani is a seasoned politician and is well aware about the situation of Balochistan. Therefore, he always advocates for provision of political rights of Balochistan and other provinces enshrined by the Constitution of the country. He also negates use of in addressing the issue in Balochistan. Unfortunately, the roots of the Balochistan issues are deep and intertwined, encompassing political, economic, and social grievances. A sense of marginalization, historical injustices, and the perception of unequal resource distribution have fueled discontent and resentment among the people of this province. The use of force, rather than addressing these underlying issues, has often exacerbated tensions and alienated communities. Experts advocate, the government must recognize the legitimacy of Baloch grievances and engage in genuine negotiations with all stakeholders, including Baloch nationalist groups. This necessitates creating a safe and inclusive space for dialogue, where all voices are heard and concerns are addressed with respect and empathy. The protection and promotion of human rights are equally vital for building trust and paving the way for lasting peace. The government must ensure the safety and security of all its citizens, regardless of their ethnicity or political affiliation.

The practice of enforced disappearances and extrajudicial killings must be unequivocally condemned and those responsible held accountable. The path to peace in Balochistan lies in embracing dialogue and reconciliation. The use of force has proven to be counterproductive and unsustainable. By addressing the root causes of the conflict, empowering Balochistan, and upholding human rights, the government can pave the way for a more prosperous and peaceful future for the province and the nation as a whole. It is imperative that the suggestions and advice of Nawab Aslam Raisani should be taken seriously to bring durable peace.

CamScanner


خوشحال ہوں گے کسان
ترقی کرے گا سارا بلوچستان
پاکستان پیپلز پارٹی کے انتخابی منشور کے ایک اور وعدے پر عملدر آمد کا آغاز
وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی
کی جانب سے زراعت کی ترقی اور کسانوں کی بہبود کیلئے تاریخی اقدام
BENAZIR KISAN CARD
1234 4568 1234 4568
00/00
بلوچستان کیلئے
بے نظیر کسان کارڈ
کے اجراء کی منظوری
بے نظیر کسان کارڈ کے تحت بلوچستان کے کسانوں اور زمینداروں کو سبسڈی دی جائے گی
کسان کارڈ کے لئے محکمہ انفارمیشن ٹیکنالوجی دو سال کے لئے کلاؤڈ سسٹم قائم کرے گی
کسان کارڈ کا پہلا مرحلہ حکومت بلوچستان اپنے وسائل سے شروع کر رہی ہے
محکمہ اطلاعات | حکومت بلوچستان
www.dpr.gob.pk @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

CamScanner